21واں اجلاس

خفیہ
ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 20 مئی 2016

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ جات:۔

## 1۔امداد باہمی، 2۔ہائر ایجوکیشن، 3۔آبکاری و محصولات

## بروز بدھ مورخہ 28 مئی 2014، بروز منگل 19 اکتوبر 2014، بروز جمعرات 19 فروری 2015، بروز منگل یکم ستمبر 2015، بروز جمعتہ المبارک 19 فروری 2016 اور بروز جمعرات 7 اپریل 2016 کے ایجنڈا سے زیر التوائنشان زدہ سوال

## لاہور: نقشہ کی منظوری کے بغیر چلنے والی ایل ڈی اے ایمپلائز ہاؤسنگ سکیم کی تفصیلات

*269: محترمہ عائشہ جاوید: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ایل ڈی اے ایمپلائز ہاؤسنگ سکیم ٹھوکر نیاز بیگ کا نقشہ آج تک متعلقہ محکمہ سے منظور نہ ہوا ہے؟

(ب) قیام سے آج تک کتنی دفعہ مذکورہ سکیم کا نقشہ تبدیل کیا گیا اسکی وجوہات اور تاریخ بیان فرمائیں؟

(ج) اگر سوسائٹی کا نقشہ آج تک پاس نہ ہوا ہے تو اس کی الاٹمنٹ اور دیگر کام کس اتھارٹی کے تحت کس نے کیے؟

(د) نقشہ کی تبدیلی ایڈمنسٹریٹر کے دور میں ہوئی یا سوسائٹی انتظامیہ کے دور میں ہوئی؟

(ہ) آج تک تبدیل ہونے والے نقشہ جات کی نقول ایوان میں پیش کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 10 جون 2013 تاریخ ترسیل 2 جولائی 2013)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) درست ہے۔

(ب) سوسائٹی ہذا کا نقشہ پاس نہ ہوا ہے۔

(ج) انتظامیہ نے بائی لاز کے مطابق عمل سرانجام دیا ہے۔

(د) سوسائٹی ہذا کا نقشہ پاس نہ ہوا ہے۔

(ہ) سوسائٹی ہذا کا نقشہ پاس نہ ہوا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 27 جولائی 2013)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ: کواپریٹو بینک کے جاری کردہ قرضہ جات سے متعلقہ تفصیلات

*6131: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر امداد باہمی از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2014 میں محکمہ امداد باہمی نے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 53 کروڑ 46 لاکھ 97 ہزار 294 روپے کا قرض جاری کیا؟

(ب) کواپرٹیو بینک انجمن امداد باہمی کو جو قرض جاری کرتا ہے اس پر مارک اپ بھی حاصل کرتا ہے اگر کرتا ہے تو کس شرح سے کرتا ہے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ کواپرٹیو بینک آٹھ سکیموں کے تحت فرض جاری کرتا ہے؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کواپریٹو بینک کی طرف سے جاری کہ وہ تمام قرض صرف Crop Loan کی مد میں جاری کئے گئے ہیں اس کی کیا وجوہات ہیں، اس سے ایوان کو آگاہ کریں؟

(ہ) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کواپریٹو بینک نے گزشتہ پانچ سال کے دوران کتنی رقم ہر سال بطور قرض فراہم کی، سال وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 25 فروری 2015 تاریخ ترسیل 14 مئی 2015)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) یہ درست ہے کہ سال 2014 میں محکمہ امداد باہمی نے دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک کے ذریعے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مبلغ 53 کروڑ 46 لاکھ 97 ہزار 294 روپے کا قرض جاری کیا۔

(ب) کواپریٹو بینک انجمن ہائے امداد باہمی کو جو قرض جاری کرتا ہے اس پر 13 تا 18 فیصد سالانہ مارک اپ وصول کرتا ہے۔

(ج) یہ درست ہے کہ کواپریٹو بینک آٹھ سکیموں کے تحت قرض جاری کرتا ہے۔

(د) یہ درست نہ ہے بلکہ کواپریٹو بینک ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ Crop Loan کے علاوہ بھی مختلف سکیموں میں قرض جاری کر رہا ہے۔

(ہ) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کواپریٹو بینک سے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران بطور قرض فراہم کی جانے والی رقم کی سال وائز تفصیل اسطرح ہے:۔

| سال | رقم |
|---|---|
| 2010-11 | مبلغ 17 کروڑ 83 لاکھ 78 ہزار 567 روپے |
| 2011-12 | مبلغ 22 کروڑ 46 لاکھ 87 ہزار 663 روپے |
| 2012-13 | مبلغ 21 کروڑ 69 لاکھ 93 ہزار 509 روپے |
| 2013-14 | مبلغ 22 کروڑ 87 لاکھ 98 ہزار 396 روپے |
| 2014-15 | مبلغ 23 کروڑ 29 لاکھ 47 ہزار 846 روپے۔ |

(تاریخ وصولی جواب 31 اگست 2015)

## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ جات سے متعلقہ تفصیلات

*6257: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں کتنے شعبہ جات کام کر رہے ہیں اور کتنے شعبہ جات میں طلباء کو داخلہ دیا جا رہا ہے؟

(ب) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں فیکلٹیز کے کتنے ڈین ہیں؟

(ج) ہر شعبہ میں طلباء اور اساتذہ کی تعداد کیا ہے ہر شعبہ کے اساتذہ کی مع تعلیمی قابلیت تفصیلات فراہم کی جائیں نیز یہ بھی بتایا جائے کتنے اساتذہ یونیورسٹی کے مستقل ملازم ہیں اور کتنے عارضی اور کتنے جز وقتی خدمات فراہم کر رہے ہیں؟

(د) کیا گورنمنٹ رولز کے مطابق گورنمنٹ کے کسی محکمہ کا ملازم بیک وقت دو اداروں یا محکمہ جات سے تنخواہ یا معاوضہ وصول کر سکتا ہے؟

(تاریخ وصولی 05 مارچ 2015 تاریخ ترسیل 14 جون 2015)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں 37 شعبہ جات کام کر رہے ہیں اور ہر شعبہ میں طلباء کو داخلہ دیا جا رہا ہے۔

(ب) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں 6 فیکلٹیز ہیں اور جن میں سے 4 فیکلٹیز کے ڈین گورنر / چانسلر سے منظوری کے بعد تعینات کیے گئے ہیں۔

(ج) ہر شعبہ میں طلبا اور اساتذہ کی تعداد اساتذہ کی تعلیمی قابلیت، یونیورسٹی کے مستقل اور عارضی ملازمین کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) گورنمنٹ رولز کے مطابق گورنمنٹ کے کسی محکمہ کا ملازم بیک وقت دو اداروں یا محکمہ جات سے تنخواہ یا معاوضہ وصول نہیں کر سکتا۔

(تاریخ وصولی جواب 17 مئی 2016)

## صوبہ میں شراب فروخت کرنے والوں سے متعلقہ تفصیلات

*7312: ڈاکٹر سید وسیم اختر: کیا وزیر آبکاری و محصولات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:—

(الف) ملتان، فیصل آباد، راولپنڈی اور گوجرانوالہ کے کن کن ہوٹلوں تجارتی اداروں اور دکانوں پر شراب کی فروخت کی اجازت دی گئی ہے؟

(ب) پنجاب میں کس کس ادارے کو شراب تیار کرنے کے لائسنس دیئے گئے ہیں ان کے مالکان کون ہیں؟

(ج) پنجاب میں کس کس ادارے کو شراب امپورٹ کرنے کی اجازت دی گئی ہے ان اداروں کے مالکان کے نام فراہم کیے جائیں؟

(تاریخ وصولی 05 فروری 2016 تاریخ ترسیل 28 مارچ 2016)

جواب

وزیر آبکاری و محصولات

(الف) گوجرانولہ میں کسی کو بھی شراب کی فروخت کی اجات نہ دی گئی ہے۔ البتہ ملتان، فیصل آباد اور راولپنڈی میں صرف درج ذیل ہوٹلوں کو شراب کی فروخت کی اجازت دی گئی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ملتان | : | رمادہ ہوٹل |
| فیصل آباد | : | سرینہ ہوٹل |
| راولپنڈی | : | پی سی ہوٹل، فلیش مین ہوٹل اور پی سی بھوربن |

(ب) پنجاب میں صرف مری بیوری کمپنی راولپنڈی کو شراب تیار کرنے کا لائسنس دیا گیا ہے اور اسکے مالک کا نام اسفندیار ایم بھنڈارا ہے۔

(ج) پنجاب میں کسی بھی ادارے کو شراب امپورٹ کرنے کی اجازت نہ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 11 مئی 2016)

گجرات: کوآپریٹو بینک میں خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6949: محترمہ خدیجہ عمر: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع گجرات میں کوآپریٹو بینک کی تمام برانچوں میں ملازمین Strength کے مطابق ہیں اگر نہیں تو Strength کے مطابق کب تک کر دیئے جائیں گے؟

(ب)ان برانچوں میں کون کونسے گریڈ کی کتنی اسامیاں کب سے خالی ہیں اس کی وجوہات سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 27 جولائی 2015 تاریخ ترسیل 16 ستمبر 2015)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ ضلع گجرات میں کواپریٹو بینک کی تمام برانچوں میں ملازمین Strength کے مطابق ہیں۔

(ب)چونکہ مذکورہ بالا جز"الف" کے مطابق تمام برانچوں میں ملازمین Strength کے مطابق ہیں لہذاان برانچوں میں کوئی اسامی خالی نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 اکتوبر 2015)

صوبہ کے کالجزاور یونیورسٹی میں ہیلپ ڈیسک کی تفصیلات

*7370: ڈاکٹر عالیہ آفتاب: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) صوبہ میں موجود تمام پوسٹ گریجویٹ کالجز، یونیورسٹیوں میں کیریئر ڈویلپمنٹ سنٹر اور کونسلنگ میں معاونت کے حوالے سے کتنے ہیلپ ڈیسک قائم کیے گئے ہیں؟

(ب) کیاان معلوماتی مراکز کو Promote کرنے اور عورتوں کوان معاملات میں تربیت فراہم کرنے کے حوالے سے ان تربیتی امور پر توجہ دی جارہی ہے؟

(ج) عورتوں کی کس حد تک تربیت کے لیے باقاعدہ ورکشاپس کاانعقاد کیا جاتا ہے اور حکومتی اقدامات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 12 فروری 2016 تاریخ ترسیل 28 مارچ 2016)

## جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) پنجاب کے تمام پوسٹ گریجوایٹ کالجز میں داخلوں کے دوران طلبہ اور طالبات کے لئے کیریئر ڈویلپمنٹ سنٹر اور کونسلنگ کے لئے ہر شعبہ جات میں علیحدہ علیحدہ ہیلپ ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔

(ب) ان معلوماتی مراکز کو پروموٹ کرنے اور عورتوں کو ان معاملات میں تربیت فراہم کرنے کے حوالے سے ہر کالج میں ورکشاپ کا اہتمام کیا جاتا ہے اور ملازمت کے حصول میں مدد فراہم کی جاتی ہے جن سے خواتین اپنے خاندان کی کفالت اور پاکستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔

(ج) ہر شعبہ میں خواتین کی بہترین تربیت کے لئے باقاعدہ ورکشاپس اور سیمینارز کا انعقاد کیا جاتا ہے خواتین کی ترقی اور تحفظ کے لئے حکومت پہلے ہی پالیسیاں بنا چکی ہے اور مزید اقدامات اٹھا رہی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 17 مئی 2016)

## صوبہ میں شراب کی فروخت بند کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*7313: ڈاکٹر سید وسیم اختر: کیا وزیر آبکاری و محصولات از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یکم جنوری 2015 سے 31 دسمبر 2015 تک پی سی ہوٹل اور آواری ہوٹل لاہور سے کتنے لوگوں نے کتنی شراب فی کس خرید کی ان لوگوں کے نام اور شراب کی مالیت اسمبلی کو فراہم کریں؟

(ب) کیا حکومت پنجاب شراب کے اس کاروبار کو جو کہ حکومتی مرضی اور سرپرستی میں ہوتا ہے بند کرنے کے اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 05 فروری 2016 تاریخ ترسیل 28 مارچ 2016)

جواب موصول نہیں ہوا

## سابقہ سیکرٹری امداد باہمی کے خلاف کارروائی

*7771: رانا منور حسین المعروف رانا منور غوث خاں: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مسز سروش سلطان جب بطور سیکرٹری امداد باہمی / رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹی تھیں اس وقت وہ کروڑوں روپے کا غبن کرکے ملک سے فرار ہو گئی تھیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس افسر کے غبن کی وجہ سے اس وقت کئی لوگ متاثر ہوئے تھے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ یہ متاثرین آج تک اپنی رقوم کی واپسی کے لئے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں؟

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اس آفیسر کو ملک میں واپس لاکر اس سے خورد برد کردہ رقوم کی ریکوری کرنے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں نیز اس کے خلاف آج تک حکومت نے اگر کوئی کارروائی کی ہے تو اس کی تفصیل فراہم کی جائے اگر کوئی کارروائی نہیں کی گئی تو وجوہات سے ایوان کو آگاہ فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 26 اپریل 2016     تاریخ ترسیل 5 مئی 2016)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) محکمہ ہذا کو اس بابت کوئی معلومات نہ ہیں۔

(ب) محکمہ ہذا کے پاس اس افسر کے خلاف کسی قسم کی کوئی شکایت نہ ہے اور نہ ہی کسی فرد نے محکمہ ہذا سے رابطہ کیا ہے۔

(ج) محکمہ ہذا کے پاس اس بابت کوئی معلومات نہ ہیں اور نہ ہی کسی فرد نے محکمہ ہذا سے رابطہ کیا ہے۔

(د) آفیسر مذکور کی بابت کسی قسم کی کارروائی کا تعلق محکمہ ہذا سے نہ ہے، اس بابت محکمہ امداد باہمی کے پاس کوئی معلومات نہ ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 17 مئی 2016)

لاہور                    رائے ممتاز حسین بابر

مورخہ 18 مئی 2016                    سیکرٹری

بروز جمعتہ المبارک 20 مئی 2016 محکمہ جات: 1۔امداد باہمی، 2۔ہائرایجوکیشن، 3۔آبکاری و محصولات کے سوالات و جوابات اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محترمہ عائشہ جاوید | 269 |
| 2 | جناب امجد علی جاوید | 6257۔6131 |
| 3 | ڈاکٹر سید وسیم اختر | 7313۔7312 |
| 4 | محترمہ خدیجہ عمر | 6949 |
| 5 | ڈاکٹر عالیہ آفتاب | 7370 |
| 6 | رانا منور حسین المعروف رانا منور غوث خاں | 7771 |

21واں اجلاس

خفیہ
ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 20 مئی 2016

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

محکمہ جات:۔

## 1۔امداد باہمی، 2۔ہائر ایجوکیشن

## گورنمنٹ وومن کالج مری میں پرنسپل کی سیٹ خالی سے متعلقہ تفصیلات

69:جناب محمد عارف عباسی: کیاوزیرہائرایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیایہ درست ہے کہ گورنمنٹ وومن کالج مری کی پرنسپل عرصہ دراز سے بی ایس۔19 میں کام کررہی ہیں اوران کی بی ایس20 میں اپ گریڈیشن ترقی کو مسلسل پانچویں دفعہ موخر کردیاگیاہے جس کی وجہ سے مبینہ طور پر نتائج کاتسلی بخش نہ ہوناہے؟

(ب)کیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کالج میں داخل ہونے والی طالبات کی اکثریت کا تعلق غریب اورپس ماندہ گھرانوں سے ہوتا ہے جس بناء پر طالبات کوکسی میرٹ کے بغیر داخل کیاجاتاہے؟

(ج)اگر جزو(ب)کاجواب اثبات میں ہے توکیاکالج ہذاکے رزلٹ کاغیر تسلی بخش ہوناایک قدرتی عمل نہیں اورکیااس میں پرنسپل اوراساتذہ کوذمہ دار ٹھہرایاجاسکتاہے؟

(تاریخ وصولی5 مئی2014 تاریخ ترسیل5جون2014)

## (جواب موصول نہیں ہوا)

## گورنمنٹ وویمن کالج مری میں ایف ایس سی اوربی ایس سی میں لیبارٹریز سے متعلقہ تفصیلات

70:جناب محمد عارف عباسی: کیاوزیرہائرایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیایہ درست ہے کہ گورنمنٹ وومن کالج مری میں ایف ایس سی اوربی ایس سی کی سطح پرفزکس،کمسٹری اوربیالوجی کی مکمل لیبارٹریاں موجودہیں لیکن وہاں سائنس مضامین کے اساتذہ کی تعیناتی نہیں کی گئی، جس کی وجہ سے ایف ایس سی اوربی ایس سی کی کلاسیں جاری نہیں کی جاسکیں؟

(ب)کیایہ بھی درست ہے کہ گورنمنٹ وومن کالج پھگواڑی میں سائنس کے اساتذہ اورکلاسیں توہیں لیکن وہاں کی طالبات کو گورنمنٹ وومن کالج مری میں تجربات کے لئے بھیجاجاتاہے؟

(ج)کیاحکومت وومن کالج مری میں سائنس ٹیچرتعینات کرکے کلاسوں کااجراءکرناچاہتی ہے اگرنہیں توکیوں؟

(تاریخ وصولی5 مئی2014 تاریخ ترسیل5جون2014)

## (جواب موصول نہیں ہوا)

## ضلع میانوالی تحصیل عیسیٰ خیل میں کیڈٹ کالج کی تعمیر سے متعلقہ تفصیلات

146:ڈاکٹرصلاح الدین خان: کیاوزیرہائرایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیایہ درست ہے کہ ضلع میانوالی تحصیل عیسیٰ خیل میں گزشتہ آٹھ سالوں سے ایک عدد کیڈٹ کالج زیرتعمیر ہے؟

(ب)مذکورہ کالج کی تعمیر میں اتنی تاخیر کی وجوہات بیان فرمائیں؟

(ج)حکومت کب تک اس کالج کو مکمل کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 14 جون 2014 تاریخ ترسیل یکم ستمبر 2014)

## (جواب موصول نہیں ہوا)

## فورٹ عباس میں سرکاری کالجز میں خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

**183:جناب محمد نعیم انور**:کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)گورنمنٹ بوائز/گرلز ڈگری کالج فورٹ عباس میں کن کن مضامین کے اساتذہ کی اسامیاں کب سے خالی پڑی ہیں، کالج وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب)کیایہ درست ہے کہ ان اساتذہ کی خالی اسامیوں کے باعث طلباء وطالبات کا تعلیمی حرج ہو رہا ہے، حکومت ان خالی اسامیوں پر اساتذہ اکرام کی تعیناتی کیوں نہیں کر رہی؟

(ج)ان مذکورہ دونوں کالجز کے نتائج کی شرح گزشتہ پانچ سالوں میں کتنے فیصد رہی، کالج وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 14 جون 2014 تاریخ ترسیل 25 جون 2014)

## (جواب موصول نہیں ہوا)

## گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج مانانوالہ میں ٹیچنگ سٹاف سے متعلقہ تفصیلات

**398:جناب علی سلمان**:کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیایہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج مانانوالا ضلع شیخوپورہ میں اس وقت ٹیچنگ سٹاف کی خالی پڑی ہیں، عہدہ وائز تفصیل بتائی جائے؟

(ب) کالج کی بلڈنگ کتنے کمروں پر مشتمل ہے اور کتنے کمروں میں کلاسز بیٹھی ہیں؟

(ج) کالج میں کون کونسی میسنگ فسلٹیز ہیں؟

(د) کالج کو سال 14-2013 اور 15-2014 کے دوران کتنی رقم فراہم کی گئی۔یہ رقم کون کون سی مد میں خرچ ہوئی، تفصیل بتائی جائے؟

(ہ) کیاحکومت اس کالج کی تمام میسنگ فسلٹیز اور ٹیچنگ سٹاف کی اسامیاں پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی یکم دسمبر 2014 تاریخ ترسیل 2 جنوری 2015)

## جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ماناں والا کا قیام ابھی عمل میں نہیں آیا لہذا ابھی کوئی بھی اسامی اس کالج کے لئے منظور نہیں ہوئی۔

(ب) جیسا کہ جزو (الف) میں وضاحت کی گئی ہے کہ مذکورہ بالا کالج ابھی قائم نہیں ہوا اس لئے وہاں کوئی کلاس موجود نہیں ہے تاہم ایک ترقیاتی منصوبہ برائے تعمیر عمارت گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، ماناں والا منظور ہو چکا ہے اور اس کی تعمیر موجودہ مالی سال 16–2015 میں شروع ہو جائے گی۔

(ج) جزو (الف) اور (ب) میں وضاحت موجود ہے۔

(د) سال 14–2013 میں کوئی رقم فراہم نہیں کی گئی۔ تاہم ترقیاتی منصوبہ کی مد میں کالج کی عمارت کی تعمیر کے لئے سال 15–2014 میں 5.000 ملین روپے دیئے گئے تھے جو خرچ نہیں ہو سکے۔ کیونکہ اس ترقیاتی منصوبہ کے لیے ماناں والا میں سرکاری اراضی موجود نہ تھی تاہم پرائیویٹ اراضی کی خریداری کا عمل مکمل ہونے میں وقت درکار تھا جو کہ موجودہ مالی سال میں مکمل ہو جائے گا۔

(ہ) جزو (الف) اور جزو (ج) میں وضاحت موجود ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 6 اکتوبر 2015)

## یونیورسٹی برائے خواتین فیصل آباد کے ہاسٹل میں طالبات کی رہائش سے متعلقہ تفصیلات

**432: محترمہ مدیحہ رانا:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی برائے خواتین فیصل آباد کے ہاسٹل میں کتنی طالبات کی رہائش کے لئے گنجائش ہے؟

(ب) ہاسٹل کی وارڈن کب سے تعینات ہیں اور اس کو حکومت کی جانب سے کون کون سی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں، تفصیل بتائی جائے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ یونیورسٹی کے ہاسٹل میں صفائی کے انتظامات انتہائی ناقص ہیں جس کی وجہ سے ہاسٹل میں مقیم طالبات پریشان رہتی ہیں؟

(د) کیایہ بھی درست ہے کہ یونیورسٹی کے ہاسٹل میں پینے تک کا صاف پانی میسر نہیں اور گیس کی فراہمی تعطل کا شکار ہے ؟

(ہ) اگر جزو "ج" اور "د" کے جوابات اثبات میں ہیں تو کیا حکومت ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو کیا وجوہات ہیں ؟

(تاریخ وصولی 8 دسمبر 2014　　　تاریخ ترسیل 8 جنوری 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## یونیورسٹی برائے خواتین فیصل آباد میں تدریسی سٹاف سے متعلقہ تفصیلات

**433: محترمہ مدیحہ رانا:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) یونیورسٹی برائے خواتین فیصل آباد کے تدریسی سٹاف کے عہدہ، تعلیمی قابلیت، تاریخ تعیناتی اور ڈیپارٹمنٹ کی تفصیل فراہم کی جائے ؟

(ب) یونیورسٹی کے تدریسی سٹاف کے علاوہ دیگر سٹاف کے عہدہ، تعلیمی قابلیت اور تاریخ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے ؟

(تاریخ وصولی 8 دسمبر 2014　　　تاریخ ترسیل 8 جنوری 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## منڈی بہاؤالدین: گورنمنٹ ڈگری کالج سے متعلقہ تفصیلات

**499: جناب شفقت محمود:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج (بوائز) ملکوال ضلع منڈی بہاوالدین کی چار دیواری ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے ؟

(ب) کیا حکومت کالج کی چار دیواری بنانے کے لئے فنڈز فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو کیا وجوہات ؟

(ج) کالج ہذا میں لیکچرار اور گریڈ 16 کی کتنی اسامیاں ہیں، ان اسامیوں پر بھرتی شدہ ملازمین کے نام و پتہ تفصیلات بتائیں ؟

(تاریخ وصولی 20 جنوری 2015　　　تاریخ ترسیل 17 مارچ 2015)

## جواب

### وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) جی نہیں، گورنمنٹ ڈگری کالج (بوائز) ملکوال، منڈی بہاؤالدین کی چار دیواری ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہیں البتہ چند ایک جگہ سے مرمت طلب ہے۔

(ب)جی ہاں حکومت پنجاب کالج ہذا کی چار دیواری کی مرمت کاارادہ رکھتی ہے۔کالج کی چار دیواری کی مرمت کا معاملہ بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو پچھلے مالی سال کے دوران بھجوایا تھا لیکن M&R گرانٹ برائے مالی سال 15-2014 تعلیمی اداروں کی سیکیورٹی پر خرچ کردی گئی لہذا موجودہ مالی سال 16-2015 کی M&R گرانٹ سے کالجز کی چاری دیواری کی مرمت کو یقینی بنایا جائے گا۔

(ج)کالج ہذا میں لیکچررز کی منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 19 ہے جبکہ 11 ریگولر لیکچررز کام کررہے ہیں جبکہ خالی اسامیوں پر ضرورت کے مطابق (CTIs) بھرتی کیے ہوئے ہیں تاہم گریڈ 16 کی کوئی اسامی نہ ہے۔بھرتی شدہ ملازمین کے نام ودیگر تفصیلات ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 6 اکتوبر 2015)

## ضلع گوجرانولہ میں بوائز و گرلز کالجز اور ان میں زیر تعلیم طالب علموں سے متعلقہ تفصیلات

**570: چودھری اشرف علی انصاری:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گوجرانوالہ میں اس وقت کتنے بوائز و گرلز کالجز ہیں؟

(ب) مذکورہ کالجز میں اس وقت کتنے کتنے طلباء وطالبات تعلیم حاصل کررہے ہیں؟

(ج) مذکورہ کالجز کے طلباء وطالبات سے گزشتہ تین سال کے دوران کتنی کتنی رقم کس کس مد میں وصول کی گئی؟

(د) مذکورہ کالجز میں سے کتنی کالجز میں طلباء وطالبات کی رہائش کے لئے ہاسٹل موجود ہیں۔اور کون کونسے کالجز ہاسٹل کی سہولت سے محروم ہیں؟

(ہ) مذکورہ کالجز کی میسنگ فیسلٹیز کون کونسی ہیں اور ان کو کب تک پورا کردیا جائے گا۔

(و) کیا یہ بھی درست ہے کہ گوجرانوالہ کے کسی بھی گرلز کالج میں ابھی تک بی ایس سی کلاسز کا اجراء نہ کیا گیا ہے؟

(ت) مذکورہ کالجز میں سے کن کن کالجز میں ٹیچنگ اسٹاف کی کون کون سی اسامیاں کب سے خالی ہیں، معزز ایوان کو آگاہ فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 20 جنوری 2015 تاریخ ترسیل 13 مارچ 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج ٹوبہ ٹیک سنگھ سے متعلقہ تفصیلات

**571: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لیکچرارز، اسسٹنٹ پروفیسرز اور پروفیسرز کی کتنی اسامیاں خالی ہیں؟

(ب)مذکورہ کالج میں سال 2011 سے 2014 تک فرسٹ ائیر اور تھرڈ ائیر میں داخل ہونے والے طلباء کی تعداد کتنی تھی، سال وائز تفصیلات بتائیں؟

(ج)مذکورہ کالج سال 2014 میں طلباء کی تعداد کتنی ہے، کلاس وائز تفصیلات بتائیں؟

(د)کیا گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج ٹوبہ ٹیک سنگھ میں موجود اساتذہ کی تعداد محکمہ کی یارڈ سٹک کے مطابق ہے اگر نہیں تو کیا محکمہ اساتذہ کی تعداد کو معیار کے مطابق کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 20 جنوری 2015 تاریخ ترسیل 17 مارچ 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## پوسٹ گریجوایٹ کالج ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کلاسز کے اجراء سے متعلقہ تفصیلات

**572: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پوسٹ گریجوایٹ کلاسز کا اجراء کب ہوا؟

(ب)کیا یہ درست ہے کہ یونیورسٹی اور ہائر ایجوکیشن کے قواعد و ضوابط کے مطابق پوسٹ گریجوایٹ کلاسز کو پڑھانے کے لئے اساتذہ کی تعلیمی قابلیت مقرر ہے، تفصیل بتائیں؟

(ج)اگر جواب اثبات میں ہے تو پوسٹ گریجوایٹ کلاسز کو پڑھانے کے لئے یونیورسٹی اور ہائر ایجوکیشن کے قواعد و ضوابط کے مطابق سٹاف فراہم کیا گیا ہے اگر نہیں تو کیا محکمہ ایسا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 20 جنوری 2015 تاریخ ترسیل 13 مارچ 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کالجز لائبریری سے متعلقہ تفصیلات

**573: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے بوائز اور گرلز کالجز میں لائبریرین اور لائبریری سٹاف کی کتنی اسامیاں کب سے خالی پڑی ہیں، تفصیل بتائیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ حکومت پنجاب کے مقرر کردہ معیار کے مطابق ہر کالج میں لائبریرین کی اسامی ہونا ضروری ہے؟

(ج) کیا محکمہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے کالجز میں ڈیجیٹل لائبریری قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی20جنوری2015 تاریخ ترسیل13مارچ2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج بھیرہ سے متعلقہ تفصیلات

**604: محترمہ حنا پرویز بٹ**: کیاوزیر ہائیر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ گرلز ڈی کالج بھیرہ کی کتنی اسامیاں منظور شدہ ہیں اور کتنی اسامیاں خالی ہیں؟

(ب) کالج ہذا میں طالبات کی تعداد کتنی ہے اور کیا اساتذہ کی منظور شدہ اسامیاں طالبات کی تعداد اور مضامین کے مطابق ہیں؟

(ج) اگر مضامین کے مطابق اسامیاں نہیں ہیں تو کیا حکومت ان کو پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو کب تک؟

(تاریخ وصولی3فروری2015 تاریخ ترسیل10اپریل2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## لاہور: بی آئی اینڈ ایس ای لاہور میں پیپر کی ری چیکنگ سے متعلقہ مسائل

**639: محترمہ نگہت شیخ**: کیاوزیر ہائرایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری سکول ایجوکیشن لاہور نے امتحانی جوابی کاپیوں کی ری چیکنگ فیس 700/- روپے سے بڑھا کر 1000/- کر دی ہے جب کہ درخواست فارم کی قیمت الگ وصول کی جاتی ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ پیپر مارکنگ کے دوران ہونے والی بے ضابطگیوں کا ازالہ خود بورڈ کرنے کی بجائے اس کا بوجھ طلباء پر ڈال دیتا ہے؟

(ج) کیا امتحانی پرچوں کی ری چیکنگ کے طریقہ کو آسان بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں؟

(تاریخ وصولی20فروری2015 تاریخ ترسیل14اپریل2015)

## جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) درست نہ ہے۔ عرض ہے کہ بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور نے جوابی کاپیوں کی ری چیکنگ فیس میں کوئی اضافہ نہیں کیا ہے۔ اس سال بھی 50روپے فارم کی قیمت اور 700روپے ری چیکنگ فیس وصول کی گئی ہے۔

(ب)پیپر مارکنگ میں کوئی بے ضابطگی نہیں ہوتی تاہم مارکنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لئے 100% پرچوں کی سپر چیکنگ رزلٹ تیار ہونے سے پہلے کروائی جاتی ہے نیز سینئر ترین پروفیسرز کو کوالٹی ایشورنس کوارڈی نیٹر لگایا جاتا ہے تاکہ طالبعلموں کو ان کا حق مل جائے۔اگر طلباء وطالبات مارکنگ سے مطمئن نہ ہوں توان کو پیپر کی ری چیکنگ کروانے کا پورا حق دیا جاتا ہے۔

(ج)ری چیکنگ کے لئے درخواستیں آن لائن وصول کی جاتی ہیں۔فیس چالان بینک میں جمع ہونے کے بعد اگلے ہی دن امیدوار کو فون پر بذریعہ SMS خودکار طریقہ سے ری چیکنگ کے متعلق اطلاع کر دی جاتی ہے تاکہ امیدوار دفتر آکر اپنی جوابی کاپیاں دیکھ سکے اور ری چیکنگ کے متعلق تمام معلومات طلباء وطالبات کی سہولت کے لئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوتی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 31 جولائی 2015)

## لاہور: بی آئی اینڈ ایس ای کی بلڈنگ کی وائٹ واش میں کرپشن سے متعلقہ تفصیل

**645: محترمہ نگہت شیخ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور نے ایک کمپنی کے ساتھ بیسمنٹ سمیت کل 8 فلور وائٹ واش کرنے کے لئے معاہدہ کیا تھا؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ متذکرہ کمپنی اور انتظامیہ کے درمیان ٹھیکہ 74 لاکھ روپے میں طے ہوا تھا؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ کمپنی نے وائٹ واش کا آغاز ٹھیکہ ہونے سے 3 ماہ قبل ہی کر دیا تھا اس کی وجوہات بیان کی جائیں؟

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کمپنی صرف گراؤنڈ فلور اور فسٹ فلور وائٹ واش کرنے کے بعد رفوچکر ہو گئی تھی؟

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ بورڈ انتظامیہ سے ٹھیکہ حاصل کرنے والی کمپنی رقم لینے کے بعد منظر سے غائب ہو گئی ہے، اس کی وجوہات بیان کی جائیں؟

(و) لاہور بورڈ انتظامیہ نے جس کمپنی کو وائٹ واش کا ٹھیکہ دیا اس کا نام، مالک کا نام اور پتہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

(تاریخ وصولی 20 فروری 2015 تاریخ ترسیل 14 اپریل 2015)

### جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) یہ درست ہے۔ بورڈ آفس نے گولڈ بلڈرز سے بیسمنٹ سمیت کل 8 فلور وائٹ واش کرنے کا معاہدہ کیا تھا۔

(ب) یہ درست نہ ہے۔ کمپنی اور بورڈ کے درمیان ٹھیکہ -/71,69,073 روپے میں ہوا تھا۔

(ج) کمپنی کو ورک آرڈر 14-7-3 کو جاری ہوا اور کمپنی نے اس کے بعد کام شروع کیا۔

(د) یہ درست نہ ہے۔ فرم نے اپنا مکمل کیا ہے کمپنی کام مکمل ہونے سے پہلے نہیں گئی۔

(ہ) یہ درست نہ ہے۔ فرم نے اپنا کام مکمل کیا ہے کام مکمل ہونے کے بعد فائنل بل کی ابھی ادائیگی ہونا باقی ہے۔
(و) کمپنی کا نام گولڈ بلڈرز اور کمپنی کا مالک انجینئر سعید اختر ہے اور اس کی فرم پاکستان انجینئرنگ کونسل سے کیٹیگری سی فور میں رجسٹرڈ ہے اور اس کا ایڈریس E-865 جوہر ٹاؤن لاہور ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 31 جولائی 2015)

## اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے بہاولنگر کیمپس سے متعلقہ تفصیلات

**650: جناب شوکت علی لالیکا:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا کیمپس بہاولنگر میں ہے، ان کی بلڈنگ موجود ہے؟

(ب) کیا حکومت اس کیمپس کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 20 فروری 2015 تاریخ ترسیل 23 اپریل 2015)

### جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) جی ہاں۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا بہاولنگر کیمپس 2005 سے کام کر رہا ہے اور اس علاقے کے طلباء وطالبات کو اعلیٰ تعلیم کی سہولیات مہیا کر رہا ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی کے بہاولنگر کیمپس کی تعمیر کے لیے 408.639 ملین روپے کا ڈویلپمنٹ پروجیکٹ ہائر ایجوکیشن کمیشن، حکومت پاکستان کی طرف سے دیا گیا۔ اس پروجیکٹ کے تحت یونیورسٹی کے بہاولنگر کیمپس میں ایک عدد اکیڈمک بلاک اور سٹوڈنٹ ہاسٹل تعمیر کیا جا چکا ہے۔ مذکورہ عمارات طلبہ کے زیر استعمال ہیں۔

(ب) تاحال حکومت اس کیمپس کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کا ارادہ نہیں رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 11 نومبر 2015)

## ٹوبہ ٹیک سنگھ: کالجز کے طلباء کے لئے پک اینڈ ڈراپ کی سہولت سے متعلقہ تفصلات

**717: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کتنے کالجز ہیں اور کتنے کالجز کے طلبا کو پک اینڈ ڈراپ فراہم کرنے کے لئے بسیں فراہم کی گئی ہیں، تفصیل کالج وائز فراہم کریں؟

(ب) کیا فراہم کردہ بسیں تمام طلباء کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت فراہم کر رہی ہیں اگر نہیں تو کتنے فی صد طلباء وطالبات اس سے مستفید ہوتی ہیں؟

(ج) سال 14-2013 کے دوران مذکورہ بالا بسوں پر ڈیزل، Maintenance اور تنخواہوں کی مد میں کتنے اخراجات کئے گئے، ہر کالج کی الگ اور مد وائز تفصیلات فراہم کی جائیں؟

(د) کس کس کالج کی بسیں ورکنگ پوزیشن میں ہیں اور طلباء کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت فراہم کرنے میں استعمال ہو رہی ہیں اور کتنی استعمال نہیں ہو رہی ہیں اور ان کے استعمال میں آنے کی وجوہات کیا ہیں اور یہ بسیں کب سے بند کھڑی ہیں؟

(تاریخ وصولی یکم اپریل 2015 تاریخ ترسیل 14 جولائی 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## حلقہ پی پی 130 ڈسکہ میں واقع گرلز کالج میں ایم اے / ایم ایس سی کی تعلیم سے متعلقہ تفصیلات

**757: جناب محمد آصف باجوہ، ایڈووکیٹ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حلقہ پی پی 130 ڈسکہ میں کتنے گرلز کالج ہیں اور ان کالجز میں MA / MSC کی کلاسز جاری ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) مذکورہ کتنے کالجز میں بی ایس کی تعلیم دی جا رہی ہے اگر نہیں دی جا رہی ہے تو حکومت کب سے بی ایس کی کلاسز شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیلات سے دی جائیں؟

(تاریخ وصولی 10 اپریل 2015 تاریخ ترسیل 11 مئی 2015)

## جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) حلقہ پی پی 130 ڈسکہ میں صرف ایک گرلز کالج ہے اور اس میں ایم اے انگریزی اور اسلامیات کی کلاسز جاری ہیں۔ جبکہ ایم اے اردو میں داخلے کے لئے کالج میں کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی۔

(ب) گورنمنٹ ڈگری کالج ڈسکہ میں بی ایس سی کی کلاسیں ہو رہی ہیں۔ جبکہ گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج فار ویمن ڈسکہ میں بلڈنگ، لیب اور فیکلٹی کی کمی کی وجہ سے کلاسیں شروع نہیں کی جا سکیں۔ تاہم پرنسپل کو ہدایات جاری کی جا چکی ہیں کہ B.Sc بلاک کے لئے جلد PC-I تیار کر کے جمع کروائے۔

(تاریخ وصولی جواب 6 اکتوبر 2015)

## یونیورسٹی آف گجرات میں سرکاری گاڑیوں کی تفصیلات

**759: حاجی عمران ظفر:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی آف گجرات کے پاس کون کونسے ماڈل کی سرکاری گاڑیاں موجود ہیں، تفصیل فراہم کریں؟

(ب) ان گاڑیوں کی مرمت اور پٹرول کی مد میں سال 13-2012 تا 15-2014 کے دوران کتنی رقم خرچ کی گئی؟

(ج) یہ گاڑیاں کون کون سے افسران کے کب سے زیر استعمال ہیں، تفصیل فراہم کریں؟

(تاریخ وصولی 10 اپریل 2015 تاریخ ترسیل 11 مئی 2015)

## جواب

### وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) یونیورسٹی آف گجرات کے زیر استعمال جن ماڈلز کی گاڑیاں موجود ہیں۔ان کی تفصیل (Flag–A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) یونیورسٹی آف گجرات کے زیر استعمال گاڑیوں کی مرمت اور پٹرول کی مد میں جو رقم 13–2012 تا 15–2014 کے دوران خرچ ہوئی ان اخراجات کی تفصیل (Flag–B) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یونیورسٹی آف گجرات کی گاڑیاں جن افسران کے زیر استعمال رہی ہیں ان کی تفصیل (Flag–C) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 11 نومبر 2015)

## یونیورسٹی آف گجرات کو ملنے والی گرانٹ سے متعلقہ تفصیلات

**760: حاجی عمران ظفر:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:–

یونیورسٹی آف گجرات کو 14۔2013 میں کتنی گرانٹ ملی؟

(تاریخ وصولی 10 اپریل 2015 تاریخ ترسیل 11 مئی 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## ضلع نارووال: سرکاری کالجز سے متعلقہ تفصیلات

**852: باؤ اختر علی:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:–

(الف) ضلع نارووال میں بوائز اور گرلز کالجز کی تعداد کتنی ہے اور وہ کہاں کہاں واقع ہیں، مکمل نام و پتہ کی تفصیل بتائیں؟

(ب) کیا ان کالجز میں ایم اے کی کلاسز شروع کرنے کیلئے کوئی معیار مقرر ہے کیا حکومت ان کالجز میں ایم اے کی کلاسز شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

(تاریخ وصولی 24 اپریل 2015 تاریخ ترسیل 2 جون 2015)

## جواب موصول نہیں ہوا

## ساہیوال میں یونیورسٹی کے قیام کا مسئلہ

**854: محترمہ نگہت شیخ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے اوکاڑہ، رحیم یار خان اور ساہیوال میں یونیورسٹیز بنانے کا اعلان کیا تھا؟
(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت گورنمنٹ کالج ساہیوال کو یونیورسٹی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو وجوہات بیان کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 24 اپریل 2015 تاریخ ترسیل 17 جون 2015)

### جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے اوکاڑہ، رحیم یار خان اور ساہیوال میں یونیورسٹیز بنانے کا اعلان کیا تھا۔ اس حوالے سے رحیم یار خان اور ساہیوال میں یونیورسٹیز کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے۔ جبکہ یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے قیام کا بل پنجاب اسمبلی میں منظوری کے لیے پیش کیا جا چکا ہے۔
(ب) یہ درست نہیں ہے۔
حکومت نے بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی ملتان کے ساہیوال سب کیمپس کو اپ گریڈ کر کے یونیورسٹی بنا دی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 11 نومبر 2015)

## لاہور ماڈل ٹاؤن کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے قبرستانوں سے متعلقہ تفصیلات

**1265: محترمہ فائزہ احمد ملک:** کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ماڈل ٹاؤن کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور کے زیر انتظام دو قبرستان ہیں جن کو اس سوسائٹی کی انتظامیہ نے اسلامک سنٹر کو دیا ہوا ہے؟
(ب) ان قبرستانوں کا رقبہ کتنا ہے یہ کس کس جگہ واقع ہیں؟
(ج) اس قبرستان کے کتنے رقبہ پر کن کن لوگوں نے ناجائز قبضہ کر رکھا ہے؟
(د) یہ ناجائز قابضین کب سے ہیں اور ان کے پاس کتنا رقبہ ہے؟
(ہ) اسلامک سنٹر کو یہ قبرستان کب اور کن کن شرائط پر دیئے گئے تھے؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2016 تاریخ ترسیل 28 مارچ 2016)

## جواب موصول نہیں ہوا

## لاہور ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے پارکس سے متعلقہ تفصیلات

**1266: محترمہ فائزہ احمد ملک:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ماڈل ٹاؤن کواپریٹو ہاؤسنگ کمیٹی لاہور کے کتنے پارک کہاں کہاں کتنے کتنے رقبہ پر واقع ہیں؟

(ب) ان پارکس میں عوام کے لئے کیا کیا سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

(ج) اس پارکس کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازم کام کر رہے ہیں۔ان کے نام عہدہ اور گریڈ بتائیں۔

(د) ان پارکس پر سال 15-2014 اور 16-2015 کے دوران کتنی رقم خرچ کی گئی ہے؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2016 تاریخ ترسیل 28 مارچ 2016)

## جواب موصول نہیں ہوا

## ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کواپریٹو بنک کی جانب سے جاری کردہ قرضہ حسنہ سے متعلقہ تفصیلات

**1392: جناب امجد علی جاوید:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا کواپریٹو بنک کی برانچز کی طرف سے قرض حسنہ بھی جاری کیا جاتا ہے یا جاری کیا جاتا رہا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع کواپرٹیو بینک کی برانچز نے سال 15-2014 میں کتنا قرض حسنہ جاری کیا ہے اور کن کن لوگوں کو کتنا کتنا قرضہ فراہم کیا برانچ وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 14 مارچ 2016 تاریخ ترسیل 26 اپریل 2016)

## جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ کی برانچز کی طرف سے کبھی بھی قرض حسنہ جاری نہیں کیا گیا۔

(ب) جواب بمطابق جزو (الف)

(تاریخ وصولی جواب 16 مئی 2016)

## ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ڈیفالٹر سے متعلقہ تفصیلات

**1393: جناب امجد علی جاوید:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع کواپریٹو بنک کی برانچز میں ڈیفالٹ کرنے والے قرضہ اور قرض داروں کی تفصیل برانچ وائز فراہم کی جائے؟

(ب) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع کواپریٹو بینک کی برانچز نے سال 15-2014 کے دوران کن کن لوگوں کو کتنا کتنا قرضہ فراہم کیا، برانچ وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ج) محکمہ نے ڈیفالٹر سوسائیٹیز کی بحالی کے لئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(تاریخ وصولی 14 مارچ 2016 تاریخ ترسیل 26 اپریل 2016)

## جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع کواپریٹو بینک کی برانچز میں ڈیفالٹ ہونے والے قرضہ اور قرض داروں کی برانچ وائز تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع کواپریٹو بینک کی برانچز نے سال 15-2014 کے دوران کل 6871 لوگوں اور سوسائٹیز کو مبلغ 23 کروڑ 43 لاکھ 38 ہزار 155 روپے قرضہ فراہم کیا جس کی برانچ وائز تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) محکمہ کے افسران نے ڈیفالٹر سوسائٹیز کی بحالی کیلئے ان کے خلاف بحیثیت سول عدالت ڈگریاں جاری کی ہیں اور کئی کیسز میں بحیثیت کلکٹر زمین نیلامی کے اقدات اٹھائے ہیں تاکہ ریکوری کے عمل کو مئوثر بنایا جاسکے۔

(تاریخ وصولی جواب 16 مئی 2016)

لاہور
مورخہ 18 مئی 2016

رائے ممتاز حسین بابر
سیکرٹری